جامعہ قسم البنین سالانہ نتائج کے سلسلے میں پروقار تقریب منعقد ہوئی۔ جامعہ بھر میں السنة الثانية العالية کے ہونہار طالب علم ثناء اللہ محمد باقر نے 99.9 فیصد نمبر لے کر پہلی، السنة الرابعة الثانوية کے عبداللہ شاکر نے 99.5 فیصد لے کر دوسری، السنة الثالثة المتوسطة کے عبداللہ غلام محمد نے 98.8 فیصد کے ساتھ تیسری پوزیشن حاصل کی۔

امتحان میں کتابی مراحل کے 347، ابتدائی درجے کے 152 کل 499 طلباء نے شرکت کی۔ کتابی گروپ میں سے 59 طلباء نے درجہ امتیاز کا شرف پایا، 83 نے جید جداً کا مرتبہ حاصل کیا، جید کا رتبہ 121 طلباء کے حصے میں آیا، 21 طلباء کو صرف مقبول درجے پر اکتفا کرنا پڑا۔ جبکہ 59 طلباء کو فیل کی صورت میں اپنی کوتاہیوں کا خمیازہ بھگتنا پڑا۔ ابتدائی مرحلے کے طلباء سمیت 436 طلباء نے اگلے کلاس میں ترقی پائی۔ 4 طلباء امتحان میں شرکت سے قاصر رہے۔ اس طرح نتیجہ 90.70 فیصد رہا۔

5-12-04 جامعہ دارالعلوم بلتستان قسم البنات کے نتائج کے سلسلے میں ایک جلسہ منعقد ہوا۔ اس قسم میں السنة الثالثة الثانوية کی طالبہ نعیمہ مرزا نے 99.8 فیصد نمبر لے کر اول پوزیشن حاصل کی، السنة الثانية الثانوية کی آمنہ محمد باقر نے 99.6 فیصد لے کر دوم اور السنة الثانية الثانوية کی کوثر عبد الحمید اور السنة الاولیٰ الثانوية کی آمنہ محمد اقبال دونوں نے 99.3 فیصد لے کر سوم پوزیشن حاصل کی۔

امتحان میں کل 599 طالبات نے شرکت کی، ان میں سے 536 طالبات کامیاب ہوئیں۔ کتابی گروپوں میں سے 98 طالبات نے درجہ امتیاز کا اعزاز پایا، 108 کی رسائی رتبہ جید جداً تک ہوسکی، جیّد کا مرتبہ 122 طالبات کے نصیب میں آیا، 32 کو صرف درجۂ مقبول پر کفایت کرنے کے سوا چارہ نہ ہوا۔ اور 58 کو اپنی غفلتوں کی سزا فیل کی شکل میں بھگتنا پڑی۔ نتیجہ 89.70 فیصد رہا۔

5-12-04 الاثر پبلک سکول غواڑی کے سالانہ نتائج کا اعلان کیا گیا۔

· آئندہ تعلیمی سال کے ''ثانیہ عالیہ'' کے طلباء کے لئے علمی مقالہ جات کے عنوانات کا اعلان کیا گیا، تاکہ طلباء سرمائی تعطیلات کو علمی مواد جمع کرنے کے لیے غنیمت سمجھ سکیں۔

❁❁❁❁❁❁